© rasailojaraid.com


# زبان میری ہے بات ان کی

بارش سے بوسیدہ دیوار گر گئی۔ میاں، بیوی، دو بچے جاں بحق (ایک خبر)

○ "بی بی نے غریبوں کا مقدر بدل دیا"

پارٹی منع نہ کرے تو بابوں کو "چوسنی گروپ" کہوں۔ (شیخ رشید)

○ کہ بچپن اور بڑھاپا برابر ہوتے ہیں۔

مخالفین علاقہ میں ترقیاتی کام دیکھ کر گھبرا گئے ہیں۔ (فضل الرحمن)

○ پجارو + لینڈ کروزر + دولت + کلاشن کوف۔ (ترقیاتی کام)

عوام نے ہمیں پانچ سال کا مینڈیٹ دیا ہے۔ (بے نظیر)

○ دو سال باقی ہیں، ملک میں جو کچھ بچا ہے لوٹ لو۔

عمران خان پاگل بھیڑوں کا گوشت درآمد کرتے ہیں (وزیر داخلہ)

○ لوگ آپ کو پاگل بھیڑیا کہتے ہیں۔

کرپشن کے خاتمے کے لئے حکومت اور اپوزیشن مل جل کر کام کریں (لغاری)

○ مک مکا کر لیں۔

مارشل لاء کی گنجائش نہیں۔ (بے نظیر)

○ جمہوریت کے نام پر صرف "زرداری گردی کی گنجائش ہے۔"

جنرل ضیاء الحق بلیو فلمیں دیکھا کرتے تھے۔ (حاجی حبیب الرحمن)

○ ڈھالے ہیں سیم وزر نے کمینے نئے نئے

حسین و جمیل عورتیں تو مغرب کی ہیں۔ مشرقی خواتین تو گائے بھینس ہیں (حاجی حبیب الرحمن)

○ آپ کے گھر کا قصہ معلوم ہوتا ہے حاجی صاحب!

عدلیہ کی جو عزت ہمارے دور میں ہے پہلے کبھی نہ تھی۔ (شیخ رفیق)

○ آدمی بے شرم ہونا چاہیئے!

پی ٹی وی کا مطلب؟

○ پاکستان ٹھمکا ویژن

ہم نے مہنگائی پر قابو پا لیا (بے نظیر)

○ تیری پھپھی نہ تیرا تایا　　مہنگائی نے مار مکایا

(بقیہ ص ۳۶ پر)

© rasailojaraid.com